Dry Eyes (خشک آنکھوں) سے بہنے والے پانی کا حکم

مجیب: ابو شاھد مولانا محمد ماجد علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3633

تاریخ اجراء: 11 رمضان المبارک 1446ھ / 12 مارچ 2025ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میری آنکھوں سے پانی بہتا ہے، ڈاکٹر کو چیک کروایا ہے تو اس نے بتایا ہے کہ کوئی انفیکشن نہیں ہے اور نہ ہی کوئی اور مسئلہ ہے۔ بس Dry Eyes ہے۔ تو کیا اس صورت میں آنکھوں سے نکلنے والا پانی ناپاک ہو گا یا پاک؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں اگر فقط Dry Eyes (خشک آنکھوں) کے سبب پانی نکلتا ہے اور کوئی بیماری وغیرہ نہیں ہے تو یہ نکلنے والا پانی ناپاک نہیں اور نہ اس کی وجہ سے وضو ٹوٹے گا۔ کیونکہ آنکھ سے نکلنے والا وہ پانی ناپاک اور وضو توڑنے والا ہوتا ہے، جو آنکھ سے کسی درد یا بیماری کی وجہ سے نکلے کہ اس میں پیپ وغیرہ نجاستوں کی آمیزش (مکسنگ) کا گمان ہوتا ہے، جبکہ فقط آنکھیں خشک ہونے کی وجہ سے نکلنے والے پانی کا معاملہ ایسا نہیں، لہٰذا یہ پانی ناپاک بھی نہیں اور اس سے وضو بھی نہیں ٹوٹے گا۔

بیماری کے سبب بہنے والی رطوبت وضو توڑتی ہے، جیسا کہ غنیۃ المستملی ہے: ”کل مایخرج من علۃ من ای موضع کان کالاذن والثدی والسرۃ ونحوھا فانہ ناقض علی الاصح لانہ صدید“ یعنی جو بھی پانی بیماری کی وجہ سے بدن کے کسی بھی حصے سے خارج ہو مثلاً کان، پستان، ناف وغیرہ تو اصح قول کے مطابق وہ وضو کو توڑنے والا ہے اس لئے کہ وہ زخم کا پانی ہے۔ (غنیۃ المستملی، ص 116، مطبوعہ کوئٹہ)

اگر پانی بغیر کسی بیماری، درد وغیرہ کے نکلے تو وہ پاک ہے اور اس سے وضو بھی نہیں ٹوٹے گا، جیسا کہ تحفۃ الفقہاء میں ہے: ”**وأما إذا كان الخروج من غير السبيلين فإن كان الخارج طاهراً مثل الدمع** والريق والمخاط و العرق واللبن ونحوها **لا ينقض الوضوء بالإجماع** وإن كان نجساً ينقض الوضوء“ یعنی جب غیر سبیلین

سے خارج ہونے والی چیز پاک ہو مثلا آنسو، تھوک، رینٹھ، پسینہ، دودھ وغیرہ تو بالاجماع ان چیزوں سے وضو نہیں ٹوٹے گا اور اگر ناپاک ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔(تحفة الفقهاء، كتاب الطهارة، ج01، ص18، دار الكتب العلمية، بيروت)

بہار شریعت میں ہے "دُکھتی آنکھ سے جو پانی نکلے نَجاست غلیظہ ہے۔"(بہار شریعت، ج1، حصہ2، ص390، مکتبة المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم